


# TAHRIK~E~JADID

## A DIVINE CALL TO SACRIFICE

AHMADIYYA
MUSLIM COMMUNITY
*United States of America*

# مجھے تحریک جدید میں کتنا چندہ ادا کرنا چاہیے؟

ارشاد نبوی ﷺ

**اللہ تعالی کی راہ میں خرچ کرنے والے کا اجر:**

حضرت ابو ہریرۃؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ہر صبح دو فرشتے اترتے ہیں۔ان میں سے ایک کہتا ہے کہ اے اللہ! خرچ کرنے والے سخی کو اور دے اور اس کے نقش قدم پر چلنے والے اور پیدا کر۔دوسرا کہتا ہے کہ اے اللہ! روک رکھنے والے کنجوس کو ہلاکت دے اور اس کا مال و متاع برباد کر دے۔

(بخاری کتاب الزکوۃ باب قول اللہ تعالی: فاما من اعطی واتّقٰی...)

# How Much Chanda I should Pay In Tahrik-e-Jadid?

The Reward of Spending in the Way of Allah:

Hazrat Abu Hurairah[ra] relates that the Holy Prophet ﷺ said:
“Every morning two angels descend. One of them prays: ‘O Allah! Grant more to the one who spends generously in Your cause, and raise others who follow his example.’
The other says: ‘O Allah! Destroy the wealth of the one who withholds and grant him no blessing in his possessions.’”

(Sahih al-Bukhari, Book of Zakat, Chapter: The Saying of Allah the Exalted)

# مجھے تحریک جدید میں کتنا چندہ ادا کرنا چاہیے؟

ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ کی راہ میں گن گن کر خرچ نہ کیا کرو:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی نسبتی ہمشیرہ حضرت اسماءرضی اللہ عنہ کو یہ نصیحت فرمائی کہ اللہ کی راہ میں گن گن کر خرچ نہ کیا کرو۔ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں گن گن کر ہی دیا کرے گا۔اپنے رپوؤں کی تھیلی کا منہ بند کر کے کنجوسی سے نہ بیٹھ جاؤ. ورنہ پھر اس کا منہ بند ہی رکھا جائے گا۔فرمایہ کہ جتنی طاقت ہے کھول کر خرچ کرو۔اللہ پر توکل کرو۔اللہ دیتا چلا جائے گا۔

(صحیح البخاری کتاب الزکاۃ باب التحریض علی الصدقۃ والشفاعۃ فیھا حدیث 1433)

# How Much Chanda I should Pay In Tahrik-e-Jadid?

The Prophet Muhammad (peace and blessings be upon him) gave this advice to his sister-in-law, Hazrat Asma (may Allah be pleased with her):

"Do not spend in the way of Allah by counting (i.e., stingily), or Allah will also give you in a limited, counted way. Do not tie the mouth of your money pouch (i.e., don't be miserly), or Allah will also keep it tied (i.e., He will withhold provision from you). Spend as much as you can with an open heart. Trust in Allah — He will continue to give to you."

# مجھے تحریک جدید میں کتنا چندہ ادا کرنا چاہیے؟

مالی قربانی کرنے والا قابلِ رشک ہے

حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا- دو شخصوں کے سوا کسی پر رشک نہیں کرنا چاہیے- ایک وہ آدمی جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اس نے اسے راہ حق میں خرچ کر دیا، دوسرے وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے سمجھ، دانائی اور علم و حکمت دی جس کی مدد سے وہ لوگوں کے فیصلے کرتا ہے اور لوگوں کو سکھاتا ہے۔

(بخاری، کتاب الزکوۃ، باب انفاق المال فی حقہ)

# How Much Chanda I should Pay In Tahrik~e~Jadid?

The one who spends in the way of Allah is truly enviable."
Hazrat Ibn Mas'ud (may Allah be pleased with him) relates that the Holy Prophet ﷺ said:
"There are only two kinds of people who should be envied in this world. One who Allah the Almighty has bestowed wealth and they spend it in His way, and secondly, one whom Allah has granted understanding, knowledge and wisdom, which he uses to judge people's matters and teaches them."

# مجھے تحریک جدید میں کتنا چندہ ادا کرنا چاہیے؟

"جن کو زندگیاں وقف کرنے کی توفیق نہیں ملی، ان کو چاہیے کہ وہ مالی قربانیوں میں آگے بڑھنے کی کوشش کریں۔اور مالی قربانیاں کر کے یہ ثابت کردیں کہ ہم مردہ نہیں ہیں۔ہم میں بھی روحانیت ہے۔اور یہ تبھی ثابت ہو سکتا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ قربانی کریں۔ "

(حضرت مصلح موعودؓ، خطبہ جمعہ، ۱۷ فروری ۱۹۴۷)

# How Much Chanda I should Pay In Tahrik~e~Jadid?

"Those who have not been granted the opportunity to devote their lives should strive to excel in financial sacrifice. By doing so, they demonstrate that they are not spiritually lifeless but alive with faith. This can only be proven when they continually increase their level of sacrifice."

(Hazrat Musleh Maud[RA] Friday Jumma. February 17th 1947)

# مجھے تحریک جدید میں کتنا چندہ ادا کرنا چاہیے؟

جتنا جتنا کسی میں اپنی ذمہ داری کا احساس ہوتا ہے اتنا ہی اس کے اندر جوش اور قربانی کا مادہ پایا جاتا ہے۔ اگر ہمارے یہ دعوے جھوٹے ہیں کہ ہم نے دنیا میں اسلام کی اشاعت کرنی ہے تو ہمیں ساری دنیا سے لڑائی مول لینے کی بجائے ان کے ساتھ مل جانا چاہیے۔ اور جس طرح وہ مردہ ہیں اسی طرح خود بھی مردہ بن جانا چاہیے۔ اور اگر ہمارے اندر زندگی کے آثار ہیں اور ہم اپنے دعووں میں سچے ہیں تو پھر ہمیں یہ نہیں دیکھنا پڑے گا کہ ہمارے حالات کیا ہیں؟ اور ہم پر کس قدر بوجھ پڑے ہوئے ہیں؟ بلکہ ہمیں آخری دم تک دین کی خدمت کے لیے اپنی ہر چیز کو قربان کرنے کے لیے تیار رہنا پڑے گا اور خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ ہماری جماعت میں ایسے لوگ پائے جاتے ہیں، جو ہر قسم کی قربانی کے لیے پوری بشاشت کے ساتھ تیار رہتے ہیں۔

( خطبہ جمعہ فرمودہ، ۱۰ جولائی ۱۹۵۳تحریک جدید ایک الٰہی تحریک جلد سوم صفحہ نمبر ۳۱۹)

# How Much Chanda I should Pay In Tahrik~e~ Jadid?

“The stronger a person’s sense of responsibility, the greater the passion and spirit of sacrifice found within him. If we do not truly believe in our claim that we will spread Islam throughout the entire world, then what is the purpose of confronting the world? We should simply become like them; and just as they are spiritually lifeless, we too should become lifeless. But if there is even a trace of spiritual life within us, and if we are sincere in our claim, then instead of looking at our weak condition, and how immense is the burden placed upon us, we must be prepared to sacrifice everything for the sake of our faith. And by the grace of Allah, there are indeed such people in our Jama'at who are always ready to make every sacrifice with joy.”

(Friday Sermon, July 10th 1953, Tahrik e Jadid Aik Ilahi Tahrik, Page 320, Volume 3)

# مجھے تحریک جدید میں کتنا چندہ ادا کرنا چاہیے؟

"ہماری جماعت کو یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ ہم جس کام کے لیے کھڑے کیے گئے ہیں وہ کام بے دریغ قربانی چاہتا ہے۔ جب تک ہم بے دریغ قربانی کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے، اسلام اپنے حق کو واپس نہیں لے سکتا، جو غیروں کے پاس جا چکا ہے۔"

(حضرت مصلح موعودؓ، خطبہ جمعہ فرمودہ ۱دسمبر ۱۹۴۴)

# How Much Chanda I should Pay In Tahrik e Jadid?

"Our Jama'at must always remember that the mission for which we have been raised demands sacrifices made wholeheartedly and without hesitation. Until we become prepared to offer such selfless sacrifices, Islam cannot reclaim the rights that have passed into the hands of others."

(Hazrat Musleh Maud[RA], Friday Sermon, December 1st 1944)

# مجھے تحریک جدید میں کتنا چندہ ادا کرنا چاہیے ؟

"در حقیقت وہی لوگ قربانی کرنے والے ہیں جو قربانی کے بوجھ کو محسوس کریں۔ لیکن اگر کوئی شخص سو یا ڈیڑھ سو روپے ماہوار آمد رکھتا ہو اور وہ پانچ روپے خدا تعالیٰ کے رستے میں دے دے تو کس طرح کہا جا سکتا ہے کہ اس نے ایسی مالی قربانی کی ہے جس کے بوجھ کو اس نے محسوس کیا ہے؟"

(حضرت مصلح موعودؓ ، خطبہ جمعہ فرمودہ، ۲۸نومبر ۱۹۴۱)

# How Much Chanda I should Pay In Tahrik~e~Jadid?

"In truth, those who truly make sacrifices are the ones who feel the weight of the sacrifice. But if a person earns one hundred or one hundred and fifty rupees per month and gives five rupees in the way of Allah, how can it be said that he has made a financial sacrifice whose weight he has truly felt?"

(Hazrat Musleh Maud[RA] , Friday Sermon, November 28th 1941)